© rasailojaraid.com



مولانا حامد الحق حقانی

مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

# دارالعلوم کے شب و روز

## نشتر ہال میں حرمت رسول کانفرنس میں شرکت و خطاب

☆ ۲۔اپریل کو نشتر ہال پشاور میں ''حرمت رسول کانفرنس'' میں مولانا مدظلہ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ یہ کانفرنس انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ خیبر پختونخوا کے زیر اہتمام منعقد کی گئی۔ مولانا مدظلہ نے خصوصی خطاب فرمایا۔ ☆ ۲۹ مارچ کو خزانہ شوگر ملز پشاور میں جمعیت علماء اسلام کے اجلاس میں شرکت کی اور خطاب فرمایا۔ اجلاس میں پشاور کی معروف سماجی شخصیت سیف اللہ خان صاحب نے مولانا مدظلہ کو ظہرانہ دیا اور درجنوں ساتھیوں سمیت جمعیت علماء اسلام میں شمولیت کا اعلان کیا۔

**مولانا عبدالحفیظ مکی کی دارالعلوم آمد:** شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا کاندھلویؒ کے تلمیذ رشید اور خلیفہ مجاز حضرت مولانا عبدالحفیظ مکی صاحب اپنے رفقاء سمیت دارالعلوم تشریف لائے اور حضرت مہتمم صاحب سے تفصیلی ملاقات کی۔ حضرت مہتمم صاحب کی خواہش پر حضرت مکی صاحب نے دورۂ حدیث میں دارالحدیث میں اجازتِ حدیث سے نوازا۔ اور طلباء کو اصلاحی خطاب بھی فرمایا۔

**ڈاکٹر ڈگلس کی دارالعلوم آمد:** 28 مارچ کو امریکہ کے بین الاقوامی سینٹر برائے مذہبی پالیسی تھنک ٹینک کے سربراہ ڈاکٹر ڈگلس ایم جونسٹن (Dr. Douglas M. Johnston) نے حضرت مہتمم صاحب مدظلہ سے ان کی رہائش گاہ اکوڑہ خٹک میں ملاقات کی۔ ڈاکٹر ڈگلس نے دارالعلوم حقانیہ کے تعلیمی اور انتظامی نظام اور ریسرچ و تحقیق کے شعبوں کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اسے مغربی دنیا اور تعلیمی اداروں کو آئیڈیل قرار دیا ہے،

**تعلیم القرآن حقانیہ ہائی سکول کی تنظیم نو:** دارالعلوم حقانیہ کی تاسیس سے قبل ۱۹۳۶ء میں اہل علاقہ کیلئے شیخ الحدیث مولانا عبدالحقؒ نے ایک سکول کا آغاز کیا تھا، جس میں دینی اور عصری تعلیم بیک وقت پڑھائے جاتے ہیں۔ عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے مولانا راشد الحق صاحب کی خصوصی تحریک پر حضرت مہتمم صاحب اور حضرت نائب مہتمم کے زیر سرپرستی ایک تعلیمی کمیٹی تشکیل دی گئی، جس کے کئی اجلاس منعقد ہوئے۔ انتظامی ڈھانچہ میں بنیادی تبدیلیاں کی گئیں۔

۵راپریل کو تقریب تقسیم انعامات منعقد ہوئی جس میں نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب نے

© rasailojaraid.com